IFAD
Investing in rural people

EUROPEAN UNION

KP-RETP
FROM SOIL TO SUCCESS

# خواتین و نوجوان

## معاشرتی و معاشی ترقی کی بنیاد

### پرعزم خواتین و نوجوان - کامیاب و مضبوط معاشرہ

خواتین گھریلو ذمہ داریوں اور بچوں کی پرورش کے ساتھ ساتھ زراعت، مال مویشی اور دیگر معاشی سرگرمیوں میں بھی بھرپور کردار ادا کرتی ہیں، جبکہ نوجوان اپنی توانائی، جدت اور تخلیقی سوچ کے ذریعے معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ خواتین اور نوجوان دونوں معاشرے کے اہم ستون ہیں اور اگر انہیں مناسب تربیت اور مواقع فراہم کیے جائیں تو یہ ایک پائیدار اور ترقی یافتہ سماج کے قیام میں نمایاں کردار ادا کر سکتے ہیں۔

خیبر پختونخوا رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ (KP-RETP) کا بھی یہی مقصد ہے، کہ مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین اور نوجوانوں کو فیصلہ سازی، قیادت اور وسائل کی منصفانہ تقسیم میں شامل کر کے پیشہ ورانہ کسان تنظیموں کو سب کے لئے موثر اور پائیدار بنایا جائے۔

خیبر پختونخواہ رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، حکومت خیبر پختونخواہ

## پیشہ ورانہ کسان تنظیم میں خواتین اور نو جوانوں کی شمولیت

تنظیم میں خواتین اور نوجوانوں کی شمولیت یقینی بنائیں (خواتین کم از کم 25% اور 50% نوجوانوں کی رکنیت)۔

غریب اور چھوٹے کسانوں کو ترجیحی بنیادوں پر شامل کریں، جبکہ بڑے کسانوں کو بھی رکنیت کا موقع دیا جائے تاکہ سب کی نمائندگی ممکن ہو۔

اجلاس ایسے وقت اور مقام پر منعقد کریں جہاں خواتین اور نوجوان باآسانی شریک ہو سکیں۔

فیصلہ سازی اور قیادت میں خواتین اور نوجوانوں کو شامل کریں تاکہ تنظیم زیادہ متوازن اور فعال رہے۔

بزنس پلان کی تیاری میں خواتین اور نوجوانوں کو شریک کریں اور ان کی تجاویز کو اہمیت دیں۔

شراکت داری کے معاہدوں اور وسائل کی تقسیم میں خواتین اور نوجوانوں کی نمائندگی یقینی بنائیں۔

مقامی بزرگوں اور کمیونٹی لیڈرز کو ساتھ ملا کر خواتین اور نوجوانوں کی شمولیت کو آسان بنائیں۔

خواتین کے لئے علیحدہ تربیتی سیشن اور محفوظ ماحول فراہم کریں تاکہ ان کی عملی شرکت میں کوئی دشواری نہ ہو۔

نابالغ یا جبری مزدوری کی اجازت نہیں اور غیر محفوظ ماحول پیدا نہ کریں۔

بااختیار خواتین اور نوجوان۔۔ پائیدار ترقی کی ضمانت